فوری ریلیز کے لیے: 30/9/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کی جانب سے وفاقی ٹیرف کے باعث MTA کے سرمایہ جاتی پروگرام کو لاحق نمایاں خطرات کی نشاندہی

MTA کے ٹیرف سے متعلق تجزیے میں نئی ریل گاڑیوں کی خریداری پر $1 بلین کے اضافی ٹیکس کی نشاندہی، یہ رقم 250 سے زیادہ نئی سب وے گاڑیوں کی خریداری کے مساوی ہے

وزیرِ تجارت Lutnick اور امریکی تجارتی نمائندے Greer کے نام گورنر Hochul کا خط یہاں دستیاب ہے

ٹیرف کے اثرات سے متعلق MTA بورڈ کی پریزنٹیشن یہاں دستیاب ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ ستمبر میں میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی، (Metropolitan Transportation Authority, MTA) کے بورڈ اجلاس میں پیش کی گئی ایک نئی رپورٹ سے ظاہر ہوتا ہے کہ Trump (ٹرمپ) انتظامیہ کی ٹیرف پالیسی کے باعث نئی سب وے گاڑیوں، مسافر ریل گاڑیوں اور بسوں کی خریداری کے ذریعے MTA کی گاڑیوں کے بیڑے کو جدید بنانے کے منصوبوں کی لاگت میں $1 بلین کا اضافہ ہو گیا ہے۔ اس رپورٹ کے بعد گورنر نے براہِ راست امریکی وزیر تجارت Howard Lutnick (ہاورڈ لٹنک) اور امریکی تجارتی نمائندے سفیر Jamieson Greer (جیمیسن گریئر) کو خط لکھ کر درخواست کی کہ عوامی نقل و حمل کے لیے ریل گاڑیوں کی خریداری کو موجودہ ٹیرف نظام سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔ MTA اس وقت اپنے گاڑیوں کے بیڑے کو نسلوں میں ایک بار ہونے والی بڑے پیمانے کی جدت کے مرحلے سے گزار رہا ہے، جس کے تحت ہزاروں نئی گاڑیاں خریدنے کے لیے $23 بلین مختص کیے گئے ہیں، اس سرمایہ کاری سے ان گاڑیوں کو تیار کرنے والی کمپنیوں کے ساتھ ساتھ ان کی تیاری کے لیے درکار پرزے بنانے والی کمپنیوں میں بھی نیو یارک کی ہزاروں ملازمتوں کو معاونت ملے گی۔

"Donald Trump (ڈونلڈ ٹرمپ) کی غیر محتاط تجارتی جنگ صرف نیو یارک کے خاندانوں کے لیے قیمتوں میں اضافہ ہی نہیں کرتی بلکہ بڑے اور پُرعزم منصوبوں کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی حکومت کی صلاحیت کے لیے بھی سنگین خطرہ پیدا کرتی ہے"، **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "عوامی نقل و حمل میں نیو یارک کی تاریخی سرمایہ کاری میں ہماری ریل اور بسوں کے بیڑے میں تاریخ کی سب سے بڑی بہتری کے منصوبے شامل ہیں، لیکن Trump (ٹرمپ) کے ٹیرف نے عوامی نقل و حمل پر $1 بلین کا اضافی ٹیکس لگا دیا ہے اور ان بہتریوں کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔ ہمارا پورا خطہ آمدورفت کے لیے MTA پر انحصار کرتا ہے اور اس مجوزہ سرمایہ کاری سے نیو یارک میں ہزاروں اچھی ملازمتوں کو معاونت ملنے کی توقع ہے؛ ان غیر محتاط ٹیرف کا اب خاتمہ ہونا چاہیے"۔

MTA کی سب وے گاڑیوں کی جدید ترین نسل، R211s جو حروف سے شناخت کی جانے والی سب وے لائنوں اور اسٹیٹن آئی لینڈ ریلوے پر چلتی ہیں، نیبراسکا اور یونکرز میں اسمبل کی جاتی ہیں۔ ان گاڑیوں کے 75 فیصد سے زیادہ پرزے امریکہ میں تیار کیے گئے ہیں — جو وفاقی حکومت کی جانب سے عوامی نقل و حمل کے اداروں کی خریداری کے لیے مقرر کردہ "Buy America" کی حد سے کہیں زیادہ ہے۔ لیکن جدید ریل گاڑیوں کے لیے بعض ایسے درآمدی پرزے درکار ہوتے ہیں جن کا امریکی مینوفیکچررز کے پاس ملک کے اندر تیار کردہ کوئی متبادل موجود نہیں ہے۔

ریل گاڑیوں کی تیاری کے لیے درکار خصوصی پرزوں پر موجودہ ٹیرف MTA کے 2025-29 کے سرمایہ جاتی منصوبے کی قدر کو نمایاں طور پر کم کر رہے ہیں۔ ممکنہ طور پر بڑھنے والی $1 بلین کی یہ لاگت اس کے بجائے میٹرو نارتھ (Metro-North) کی بیشتر مسافر ریل گاڑیاں خریدنے؛ لانگ آئی لینڈ ریل روڈ (Long Island Rail Road) پر مسافروں کے رش میں کمی کے لیے 150 نئی M9-A ریل گاڑیاں؛ تقریباً 1,000 نئی بسیں؛ یا 1، 2، 3، 4، 5 اور 6 لائنوں کے لیے 250 سے زیادہ سب وے گاڑیاں خریدنے پر خرچ کی جا سکتی تھی۔

MTA کے چیئر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر Janno Lieber (جانو لائیبر) نے کہا، "MTA کی جانب سے مسافروں کی تعداد کے مسلسل نئے ریکارڈ قائم کیے جانے کے ساتھ ہماری نئی نسل کی ریل اور دیگر گاڑیوں میں سرمایہ کاری پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو گئی ہے۔ اپنے مسافروں کو وہ خدمات فراہم کرنے کے لیے، جن کے وہ مستحق ہیں، نئی سب وے گاڑیوں، بسوں اور ریل گاڑیوں کی ضرورت ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ واشنگٹن میں ہمارے شراکت دار ہمیں امریکی کارکنوں کی معاونت کرنے اور ٹیکس دہندگان کی رقم ذمہ داری کے ساتھ خرچ کرنے کا موقع دیں"۔

MTA کے ریل اور دیگر گاڑیوں کے پروگرام کی (MTA Rolling Stock Program) سربراہ Jessie Lazarus (جیسی لیزرس) نے کہا، "ریل اور دیگر گاڑیوں میں سرمایہ کاری محض زیادہ جدید اور آرام دہ سفر میں سرمایہ کاری نہیں ہے۔ یہ امریکی کارکنوں میں سرمایہ کاری ہے۔ MTA اپنے سرمایہ جاتی پروگرام سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کرنے کے لیے پُرعزم ہے، اور اس کا مطلب یہ ہے کہ ان پالیسیوں کے اثرات کے بارے میں صاف گوئی اور دیانت داری سے بات کی جائے جو نیو یارک کی خرچ کرنے کی صلاحیت کو کم کرتی ہیں"۔

ریاستی سینیٹر Jeremy Cooney (جیریمی کونی) نے کہا، "ہزاروں نیو یارک والے روزانہ میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی کی فراہم کردہ خدمات پر انحصار کرتے ہیں۔ ان بہتریوں میں تاخیر نہیں کی جا سکتی۔ وفاقی ٹیرف کے باعث $1 بلین کا یہ خطرہ ملازمتوں کے مواقع کو التوا میں ڈالنے کا باعث ہے اور نیو یارک کے بنیادی ڈھانچے کو MTA کے 2025-29 کے سرمایہ جاتی منصوبے سے حاصل ہونے والے مکمل ممکنہ فوائد سے محروم کرتا ہے۔ مجھے نیو یارک کے نقل و حمل کے نظام کو آگے بڑھانے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کی کوششوں کی حمایت پر فخر ہے"۔

صدر Trump (ٹرمپ) کی ٹیرف پالیسیوں کے حوالے سے گورنر Hochul (ہوکل) کے ملک میں قائدانہ حیثیت رکھنے والے اقدامات

جب سے صدر Trump (ٹرمپ) نے پہلی مرتبہ اپنی انتشار پیدا کرنے والی اور نقصان دہ ٹیرف پالیسیاں نافذ کیں، گورنر Hochul (ہوکل) نیو یارک کے محنتی شہریوں اور چھوٹے کاروباری اداروں کو ان کی رقم واپس دلانے کے مطالبے میں پیش پیش رہی ہیں۔ اس سال کے اوائل میں گورنر نے ایک خط ارسال کر کے امریکی محکمۂ خزانہ (U.S. Department of Treasury) سے مطالبہ کیا تھا کہ نیو یارک کے شہریوں کی جانب سے ٹیرف کی مد میں ادا کیے گئے $13.5 بلین فوری طور پر واپس کیے جائیں، جبکہ انہوں نے ریاست بھر میں مقامی کاروباری رہنماؤں کے ساتھ گول میز اجلاس بھی منعقد کیے جن میں ان کے کاروباروں پر ٹیرف کے اثرات کو اجاگر کیا گیا۔ اگست میں گورنر Hochul (ہوکل)، نیو یارک کی اٹارنی جنرل James (جیمز) اور دیگر ریاستوں کے اتحاد نے ٹریڈ ایکٹ کے تحت عائد کیے گئے غیر قانونی ٹیرف کو روکنے کے لیے مقدمہ دائر کیا۔ فروری میں گورنر امریکی سپریم کورٹ کے ایک اہم فیصلے کا حصہ تھیں، جس میں Trump (ٹرمپ) انتظامیہ کی جانب سے اقتصادی اختیارات کے ایکٹ (Economic Powers Act, IEEPA) کے تحت عائد کیے گئے ٹیرف کو غیر قانونی قرار دیا گیا۔

مالی سال 2027 کے منظور شدہ بجٹ کے تحت گورنر Hochul (ہوکل) نے ریاست کے زرعی پیداوار کنندگان کے لیے $30 ملین کا ٹیرف ریلیف پروگرام شروع کیا تاکہ ان لوگوں کی مدد کی جا سکے جن کا انحصار بڑی حد تک بین الاقوامی منڈیوں کے حالات پر ہے۔ گورنر کا ٹیرف ریلیف پروگرام اہل پیداوار دہندگان کو کم از کم $1,000 اور زیادہ سے زیادہ $25,000 کی براہ راست ادائیگی فراہم کرے گا۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔